لیک چو ہم چشمِ من ایں نور برد — چشم خود از خود نتواں دور برد
ہر کہ فرستادۂ آں درگہ ست — بندۂ موروثِ درِ ایں شہ ست
گر سپہم بر تو رساند گزند — جانِ من ست آنکہ بماند نژند
ور ز تو در قلبِ من آید غبار — ہم تو شوی در رخِ من شرمسار
باش کہ تا در رسد آں کینہ کوش — مہرِ مرا بینند و مانند خموش

باربک کا جواب سلطان ناصرالدین کو

اس پیام کا جواب باربک نے یہ دیا کہ میں اپنے آقا کے حکم سے یہاں آیا ہوں اور اُس کے دشمنوں سے جنگ کرنے کے لئے مامور ہوں۔ اگر کوئی اور مقابل ہوگا تو تلوار سے جواب دوں گا۔ ہاں اگر حضور کو دیکھوں گا تو ڈر کے مارے نہیں بلکہ تعظیماً ہٹ جاؤں گا۔

یہ جواب سن کر ناصرالدین ٹھنڈا ہو گیا۔

خانِ سپہ باربکِ تیز ہوش — کرد چو زاں گونہ پیامے بگوش
در خورِ آں داد جوابے سرہ — سختہ بمیزانِ ادب یک سرہ
گفت کزیں بندۂ حضرت پناہ — سجدۂ تعظیم رساں پیشِ شاہ
من کہ فرستادۂ شاہِ خودم — بر خطِ اخلاص گواہِ خودم
نام زدم کرد کہ در ہر دیار — دشمن او راند ہم زینہار
گر دگرے پیشِ من آید بہ تیغ — تیغ خورد از من و از خود دریغ

ورزتو از دور بہ بینم حضور — گرنہ گریزم۔ شوم از راہ دور

عطف کنم۔ لیک نہ از بیم کس — از پے تعظیم شکوہ تو بس

رفت فرستادہ ز راہِ نہفت — ہرچہ کہ بشنید زشہ باز گفت

شہ چو خلافے ز مخالف ندید — زانچہ ہمی گفت۔ زباں درکشید

سلطان معزالدین کیقباد اودھ میں پہونچا

اب آفتاب جوزا میں آگیا۔ تڑاقے کی گرمی پڑنے لگی۔ دن بڑھ گیا رات چھوٹی ہوگئی۔ نازپروردہ کیقباد گھوڑے پر سوار ہے۔ سر پر چتر شاہی سایہ فگن ہے۔ پھر بھی بدن سے پسینہ ٹپکتا ہے۔ مگر سنگ آمد و سخت آمد۔ کڑی منزلیں طے کرتا اودھ میں آپہونچا حوالی شہر میں ڈیرے خیمے لگائے گئے۔ ایک طرف گھاگرہ ندی ہے دوسری طرف سرجو۔

اگلے دن کیقباد سیر و گشت کے لئے نکلا اور سرجو کے کنارے پہونچا جہاں سے سلطان ناصرالدین کی خیمہ گاہ نظر آتی تھی۔ باپ کو بیٹے کے آنے کی خبر ملی تو وہ بھی لب دریا آکھڑا ہوا۔ بیٹے کو دیکھ کر محبت کی گھٹا اُمڈی۔ آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو ٹپکنے لگے۔ فوراً ایک کشتی میں سوار کرکے اپنا حاجب بھیجا کہ اشتیاق دیدار ظاہر کرے۔ ادھر سے یہ مدارات ہوئی کہ کشتی کو ہدفِ تیر بناکر ڈبو دیا۔ حاجب بمشکل جان بچا کر بھاگا۔

خانہ چو خورشید بجوزا گرفت — رفت دراں خانہ دروں جا گرفت

تافته از گرمی خود آفتاب　　تابشِ او کرد جہاں را بتاب
شب شده چوں دزدی اندر گداز　　روز چو شب ہائے زمستاں دراز
خوں برگِ مرد زبوں آمده　　خوے شد واز پوست بروں آمده
شہ بگہِ کوچ ہمی شد چو شیر　　چتر بسر کرده و توسن بزیر
لشکر ازیں گونہ جہاں می نوشت　　ناحیہ بر ناحیہ بر روے دشت
تا علمِ شہ باوده در رسید　　از پئے دہلی عوضے شد پدید
نصب شد اعلام شہنشاہِ دہر　　بر لبِ گھگر بجوالی شہر
گھگر ازیں سو سرِ وزاں طرف　　از تفِ لشکر بلب آورده کف

کیقباد کا لب دریا جانا اور کشتی کا ڈبونا

روزِ دگر شاه بر آئینِ گشت　　آمد وزاں سوے اوده برگذشت
کرد صفے بر لبِ آب رواں　　سوده بہم پہلوے ہر پہلواں
تیغ زنِ مشرق ازاں سوے آب　　ق　　کرد چو روشن کہ رسید آفتاب
بر لبِ آب آمد و آراست صف　　تافت دو خورشید ز ہر دو طرف
چشمِ پدر بہرِ جگر گوشہ تر　　گوشۂ ہر چشم شده پر جگر
دید چو شہ سیلِ مژه بیکراں　　حاجب خود کرد بکشتی رواں
گفت بحاجب کہ ازیں چشمِ تر　　مردمکِ چشم مرا ده خبر
حاجب فرزانہ از آنجا شتاب　　شست بکشتی و رواں شد چو آب

چوں بمیانِ سرِ دُور رسید — پورِ مُعِزّی زکرانش بدید
تیر برآوردہ زکیشِ خدنگ — از سرِ کیں کرد کماں را بجنگ
تیر کہ در کشتیِ شاں رخنہ کرد — از سرِ کشتی بہ تہ اُفتاد مرد
رفت بصد حیلہ فرستادہ باز — پیشِ شہِ شرق فرو گفت راز

ناصرالدین کی پریشانی کشتی کے واقعے سے

کشتی کے واقعہ کا سبب حضرت خسرو نے ظاہر نہیں کیا۔ غالباً یہ کیقباد کے بدخواہ مشیروں کی بد آموزی کا نتیجہ تھا تاکہ ملاقات کی نوبت ہی نہ پہونچے بلکہ باپ بیٹوں میں لڑائی ٹھن جائے اِس فعلِ ناروا سے ناصرالدین کے دل پر چوٹ لگی اور غصّہ بھی آیا۔ پھر سوچا کہ مبادا! یہ نادان لڑکا مفسدوں کے اغواسے جنگ کر بیٹھا تو اُس کو گزند پہونچے گا یا مجکو۔ بہر نوع میرے لئے سخت مصیبت کا سامنا ہے۔

رات بھر نیند نہ آئی۔ اسی سوچ بچار میں صبح کر دی کہ کیا کرے کیا نہ کرے۔

شاہ کہ از خونِ خود آں زخم دید — نالہ چوں تیر ز دل بر کشید
خشم ہمی گفت زکینش سخن — مہر ہمی گفت کہ ہے ہی! مکن
آنکہ چنیں ست نویدم ازو — بہتر ازیں بود امیدم ازو
گر پسرم از جوانی و ناز ق — عزم برآں شد کہ شود رزم ساز
حیلہ چہ سازم؟ بچنیں کارِ تنگ — با پسرِ خویش کہ کردہ ست جنگ؟

چارہ ندانم کہ درین کار چیست؟ | بخت کہ داند کہ درین یار کیست؟
بود بحیرت کہ چو شب بگذرد | وز دگر چارہ چہ پیش آورد؟
تا بسحر بود بگفت و شنید | کز شب زایندہ چہ آید پدید؟

باپ بیٹوں کے سلام پیام

جب دن نکل آیا تو ایک معتمد کو زبانی پیام دیکر دریا پار بیٹے کے پاس بھیجا۔ اور اسی سلسلہ میں کئی بار پیامبروں کی آمد و شد جاری رہی۔

پیامِ پدر

کز پدر اول برسانش سلام | و آخرش آمین دعا کن تمام
کای خلف! از رہِ مخالف بتاب | تیغ بیفگن کہ منم آفتاب
از پدرم کے رسد این فن بتو؟ | از پدرِ من بمن۔ از من بتو
ورز بد آموز شد این رہ پدید | گفتِ بد آموز نباید شنید
گرچہ کنی دعوی و آتش ولیک | نیک بدانم کہ ندانی تو نیک
چون تو شب و روز ادب افزون کنی | بے ادبی با چو منے چون کنی
بر سرِ خوان آے کہ ہم تو شنۂ | یاد نمک کن کہ جگر گوشۂ

جوابِ پسر

گفت بحاجب کہ بشہ باز پوے | خدمتِ من گوی و پس آنگہ بگوے
بامنت از بہرِ تمنائے ملک | خام بود پختنِ سودائے ملک

پختہ آخر! دمِ خاماں مزن | من ز تو زادم، نہ تو زادی ز من

ملک بمیراث نیاید کسے | تا نزند تیغِ دو دستی بسے

نیستم آں طفل کہ دیدی نخست | بالغِ ملکم، بیلاغت درست

خرد مخوانم کہ ز دورِ زمن | داد خدا دورِ بزرگی بمن

جز تو کسے گر دمِ ایں در زدے | سرزنشِ تیغِ منش سر زدے

لیک توئی چوں بہ پئے ایں سریر | من نہ ہم، گر تو توانی بگیر

پیام پدر

اے سر از آئینِ وفا تافتہ! | وز تو دلم تافتگی یافتہ!

گرچہ بغیبت شدہ کینہ توز | رنجہ چہ داری بحضورم ہنوز

با چو منے دور کن از سر منی | چوں بصفت من توام و تو منی

تیغ مکش، تا نشوی شرمسار | از من اگر نیست، ز خود شرم دار

تخت رہا کن کہ سزای تو نیست | تا منم، ایں پایہ بپای تو نیست

گر کمرِ کینہ کنی استوار | پیشِ تو میش از تو درآیم بکار

ور بسدارا کشد ایں گفت و گوی | نیز تنا بم ز وفاے تو روے

لیک بشرطے کہ دریں رأے من | جاے پدر گیرم و تو جاے من

جواب پسر

داد جوابے ادب آمیختہ | تعبیہ ہاے عجب آمیختہ

کاے بر خمِ چشمِ جفا کردہ باز! | دیدۂ مہرِ تو بر دیم فراز
با ہمہ ایں قوّت و جوشِ سپاہ | نیستم اندر پئے آزارِ شاہ
گر گہر صلح پذیرد نظام | حلقہ بگوشم برضائے تمام
تیرِ تو گر خواست بجانم رسید | من نکشم۔ تا بتوانم کشید
گر گہر تاج ستانِ تو ام | عیب مکن گوہرِ کانِ تو ام
تخت جہاں بہرِ تو برپای کرد | لیک بر آں تخت مرا جای کرد
خواست یکی خواستہ لیکن نیافت | آنکہ نمی خواست۔ بہ خود شتافت
در یقیں در دلِ تو آں ہواست | بندہ فرمانم و فرماں تراست
تاج زمن می طلبی چرخ سائے | بر سرم آ۔ تا کنمت زیر پائے

اِس مطیعانہ جواب کو سن کر باپ نے بھی استمالت اختیار کی۔

پیامِ پدر

اے زنسب گشتہ سزائے سریر | در پسرے ہمچو پدر بے نظیر
چشمِ منی! ہیچ غبارے میار | دیدہ نشاید کہ بود پُر غبار
تا تو ندانی کہ دریں جستجوے | از پئے ملک ست مرا گفتگوے
گرچہ توانم ز تو ایں پایہ بُرد | از تو ستانم۔ بکہ خواہم سپرد
باش بنامم کہ بنامِ تو ام | زندہ تُو نا زندہ بنامِ تو ام
دیدہ کہ نا دیدۂ دیدارِ تست | دیدہ و نا دیدہ گرفتارِ تست

نیست بنزدیکِ من از بیش و کم   بیشتر از دوری تو هیچ غم
بهرِ خدا صورتِ خویشم نمای   روی مگردان و بترس از خدای

جواب پسر

ای شہ مشرق شدہ چون آفتاب   ذرّ تو جہاں در حدِ مغرب بتاب
گرچہ براہ رسد افسرم   ہم بتہِ پای تو باشد سرم
سدِ سکندر زدہ ام از سپاہ   فتنۂ یاجوجِ مغل را پناہ
رو تو چو خورشید ز مشرق برآی   من بسم اسکندرِ مغرب کشای
تا تو بمشرق بوی و من بغرب   حربہ خورد ہر کہ درآید بحرب
در بملاقات رہی رای تست   افسرِ من خدمتِ پای تست
نیست مرا آن محل و آن شکوہ   کز سرِ خود سایہ فشانم بکوہ
در فگند رای تو بر بندہ تاب   ذرہ شوم پیشِ چنان آفتاب

غرض ملاقات کا مژدہ سن کر ناصرالدین کی باچھیں کھل گئیں۔ بہت خوش ہوا مجلس طرب آراستہ کی اور متوسلین کو انعام واکرام دے کر شاد کیا۔

ناصرالدین کی طرف سے کیکاؤس کا جانا

پھر اپنے فرزند اصغر کیکاؤس کو بلایا اور بڑی شان و تزک سے بہت تحائف، اسلحہ اور ہاتھی دیکر کیقباد کی خدمت میں روانہ کیا۔

بادشہِ شرق کہ آن مژدہ یافت   روش او چو خورشید ز مشرق بتافت

کرد نشاطِ مے درامش گراں | مجلسے آراستہ کراں تا کراں
ہر کہ دراں بزم سخن ساز گشت | دامنِ پُر گوہر و زر باز گشت
روی بہ کاؤسِ کے آورد و گفت | تا شود آں ماہ بخورشید جفت
سوے برادر شود آراستہ | باسپہ و کوکبۂ دخواستہ
جُست پے ہدیہ نصیحت گراں | دیدہ فرو زہمہ قیمت گراں
جامۂ[1] ہندی کہ ندانند نام | از تنگے تن بنماید تمام
مانْد[2] پیچیدہ بناخن نہاں | باز کشائیش بپوشد جہاں
عود بخروار قرنفل بمن | خرمنے از نافۂ مشکِ ختن
عنبر و کافورِ معنبر سرشت | صندلِ خالص چو درختِ بہشت
سر بفلک بردہ بسے زندہ پیل | کوہِ گراں را بقیامت دلیل
داد بشہزادہ و کردش رواں | ساختہ با کوکبۂ خسرواں

اور شہزادہ کیکاؤس کو سمجھا دیا کہ ہماری طرف سے بڑے بھائی جان کو دعا کے بعد یوں کہنا :۔

اے غمِ تو کردہ بجانم اثر | تو زمن و حالتِ من بے خبر
صبرِ من از دوریِ تو رفت دور | مرحمتے کن کہ بمانم صبور
من کہ صبوری نتوانم ز تو | واے! کہ محروم بمانم ز تو

---

[1] ایک ہندوستانی کپڑا ہے جس کا نام نہیں معلوم۔ ایسا مہین ہے جس میں بدن نظر آتا ہے ۱۲

[2] لپیٹو تو ذرا سا ہو جاتا ہے کھولو تو اتنا بڑا تھان کہ دنیا بھر کو ڈھانک لے۔ غالباً ململ ڈھاکہ ۱۲

آمدنم زپئے ایں کار بود | کافسرو افسیلم توانم ربود
تشنۂ دیدارِ توام روز و شب | شربتِ خود باز نگیرم زلب
شاد کن ایں جانِ غم اندیش را | روئے نما منتظرِ خویش را
تختۂ حالِ دلِ ریشم بخواں | یا بمن آ- یا برِ خویشم بخواں

جب کاؤس کی سواری دریا سے پار آتر چکی تو کیقباد کو اطلاع کی گئی کہ چھوٹا شہزادہ قدمبوسی کے لئے آتا ہے- اس نے دربار آراستہ کیا- اور بہت سی فوج سرداروں کے ہمراہ بھیجکر بڑی دھوم سے اُس کا استقبال کرایا- دہلیز شاہی پر پہونچکر شہزادہ گھوڑے سے اوتر پڑا اور جو پیشکش لایا تھا پیش کیا اور جو باتیں شاہ بابا نے سمجھا دی تھیں بڑے بھائی سے عرض کر دیں- کیقباد بھائی سے ملکر بہت مسرور ہوا- اور اُس کی خاطر و مدارات میں بزمِ طرب آراستہ کی:-

شاہ بردیش چو نظر کرد چست | دید دراں آئینہ خود را درست
گرم فروجست زتختِ بلند | کرد بآغوش تنِ ارجمند
داشت بآغوشِ خودش تا بدیر | سیر نشد- چوں شود از عمر سیر؟
با خودش از فرش بر اورنگ بُرد | تختِ کیاں باز کیاں را سپرد
گاہ زدیدہ بہ نثارش گرفت | گاہ دوبارہ بکنارش گرفت
گاہ نظر برُخ زیباش کرد | گاہ دل از مہر شکیباش کرد
پرسش از اندازہ زغایت گزشت | حدِ نوازش زنہایت گزشت

کیقباد کی طرف سے کیومرث کا آنا

دوسرے دن کیقباد نے اپنے فرزند کیومرث کو دادا جان کی خدمت میں تحف و ہدایا دے کر روانہ کیا چونکہ یہ بچہ تھا عارض کو اُس کے ساتھ بھیجا۔

جب شہزادۂ کیومرث مع جلوس دریا پار پہونچا تو دادا جان کی طرف سے بڑی آؤبھگت ہوئی۔

کارگزاراں ہمہ رفتند پیش — سجدہ کناں پیشِ خداوندِ خویش
پیشِ عناں بانگِ رواروزدند — سکۂ نو بر درمِ نوزدند
رفت خراماں ملکِ ارجمند — تا درِ دہلیز بہ پشتِ سمند
روے چو گل سود بہ پشتِ زمیں — گشت زمیں پر سمن و یاسمیں
حرمتِ آں خسروِ شہ دیں پناہ — داشت بر آئینِ بزرگاں نگاہ
کرد چو نورش بدل و دیدہ جای — گاہ سرش بوسہ زد و گاہ پای
عارض از آئینِ ادب پروری — بود کمر بستہ بخدمت گری
تا نظرِ شاہ بر آں سوے تافت — خدمتِ عارض محلِ عرض یافت

جب تک ناصرالدین پوتے کو پیار کرتا رہا عارض سلطنت دست بستہ چپ کھڑا رہا۔ جب اُس کی طرف دیکھا تو اُس نے عرضِ معروض کا موقع پایا اور وہ شاہانہ تحفے جو نذر کے لئے ہمراہ لایا تھا پیش کئے۔ اور کیقباد نے پیام کے جواب میں جو کچھ عرض کیا تھا سنا دیا۔

جواب پسر (عارض کی زبانی)

آنچہ دلِ شاہ بداں مائل ست | رائے مرا نیز ہماں در دل ست
آمدم اینک بہزاراں نیاز | تاکنم ایں دیدہ بروے تو باز
بودزمن پرسشِ شاہِ زمن | کآمدن ازخود طلبی - یازمن؟
من بدرِ شہ بسرآیم دواں ق | چوں پسراں بر پدرِ مہرباں
شرط چناں ست کہ در بحر و بر | چشمہ کند برلبِ دریا گذر
لیک سزد - گر شہِ دریا نشاں | برسرِ ایں چشمہ شود دُرفشاں

ناصرالدین کی طرف سے ملاقات کا وعدہ

ناصرالدین نے خوش ہوکر عارض کو خلعت وانعام عطا کیا - اور کیومرث کو بہت سے نادر تحفے اور ایک ہاتھی مع عماری زرّین دیا - اور وعدہ کیا کہ ہم کل صبح ضرور ملاقات کے لئے آئیں گے - اِس کے بعد کیومرث اور عارض اپنے خیمہ گاہ کو واپس گئے -

وعدہ چناں رفت کہ فرداپگاہ | جنبشِ خورشید شود سوے ماہ
منزلِ سعدین شود برجِ تخت | مجمعِ بحرین شود روے تخت
خرّم وخوش عارضؔ فرزندِ شاہ | باز نوشتند سوے خانہ راہ

کیقباد کے ہاں دربار کی تیاریاں

عارض کی زبانی ناصرالدین کے آنے کی خبر سنتے ہی کیقباد کے دائرہ دولت میں دربار کی تیاریاں شروع ہوگئیں -

اب تک سراپردۂ سلطانی شہر اودھ سے اوپر کی جانب ایک تنگ میدان میں نصب تھا۔ اُس کا موقع فوراً شہر سے نیچے کی طرف تبدیل کر دیا جہاں میدان بھی وسیع تھا اور دریا کا پاٹ کم ہونے کی وجہ سے کشتی کی آمد و شد آسان تھی۔ اِس عمدہ موقع پر کارکنانِ دولت نے ایک شان دار دربار دونوں بادشاہوں کی ملاقات کے لئے لبِ دریا ترتیب دیا۔

ناصر الدین کا آنا اور ملاقات

چونکہ گرمی کے دن تھے، ناصر الدین دن ڈھلنے کے بعد جب کہ دھوپ کی تیزی کم ہو گئی تھی کشتی میں سوار ہو کر چلا۔ معز الدین کیقباد اپنے شاہانہ دربار میں اورنگ سلطنت پر بیٹھا باپ کی آمد کا منتظر تھا۔

جس وقت باپ کو آتے دیکھا بے اختیار تخت سے اُتر برہنہ پا دوڑا، اور قدمبوسی کے لئے جھکا۔ باپ نے فوراً گلے لگا لیا۔ اور دونوں بغل گیر ہو کر دیر تک زار زار روتے رہے:-

روز چو آخر شد و گرما گذشت　　چشمۂ خور[۱] خواست ز دریا گذشت
تاجورِ شرق بر آہنگِ آب　　کرد طلب کشتیِ گردوں رکاب
کشتیِ شہ تیز تر از تیر گشت　　در زدنِ چشم ز دریا گذشت
راست کہ شد بر لبِ دریا رسید　　گوہرِ خود بر لبِ دریا بدید

---

[۱] چشمۂ خور = آفتاب۔ اور دریا کنایہ ہے آسمان سے ۱۲

خواست کہ از سوزِ دل بہ بیتِ اُلے | بر جہد از کشتی و گیرد کنار
صبر ہمی خواست ۔ نمی آمد شُں | گریہ نمی خواست ۔ ہمی آمدش
بود بریں سوئے معزِ جہاں | ساختہ بر جائے ادب چوں شہاں
پیش شد از دیدہ نثارش گرفت | شہ بدید و بکنارش گرفت
تشنہ دو دریا بہم آوردہ میل | تشنہ وار از دیدہ ہمی راند سیل
یکدگر آوردہ بآغوش تنگ | ہر دو نمودند زمانے درنگ

رونے کے بعد ہوش آیا تو تخت پر اجلاس کرنے کے لئے ایک دوسرے سے اصرار کرنے لگے :-

از پسِ دیرے کہ بخویش آمدند | ہمدگر از عذر بہ پیش آمدند
گفت پسر باپدر اینک سریر | جائے تو من بندۂ فرماں پذیر
باز پدر گفت کہ این ظن مبر | کز پسر افسر برباید پدر
باز پسر گفت کہ بالا خرام | کز تو بود پایۂ تختِ تو نام
باز پدر گفت کہ اے تاجدار | تخت ترا بہ کہ توئی بختیار

ناصر الدین نے بیٹے کو تخت نشین کیا

الغرض بہت سی حیص بیص کے بعد باپ نے کہا کہ میں تیری تخت نشینی کے وقت موجود نہ تھا کہ اپنے ہاتھ سے تخت پر بٹھاتا ۔ اب خدا نے وہ دن دکھایا ہے کہ یہ رسم خود ادا کروں ۔ اتنا کہہ کر بیٹے کو تخت پر بٹھا ہی دیا ۔ اور خود ہاتھ باندھ کر تخت

کے روبرو کھڑا ہو گیا۔

خسرو نے اِس کی تاویل یہ کی ہے کہ باپ کا یہ فعل اُمرا کے لئے ہدایت تھی کہ تم کو بادشاہ کی تعظیم و خدمت اِس طرح کرنی چاہیے۔ باپ کے حکم کی تعمیل کر کے فوراً ہی کیقباد تخت سے اُتر آیا اور اُمرائے دربار نے دونوں بادشاہوں پر زر و گوہر نثار کیا اور جو خلقت باہر کھڑی تھی اُن میں لٹا دیا:-

چون پدر از جانبِ فرزندِ خویش — شرطِ ادب دید ز اندازہ بیش
گفت کہ یک آرزویم در دل است — ق — منّة للّٰہ! کہ کنون حاصل است
آنکہ بدستِ خودت اے نیکبخت! — دست بگیرم بنشانم بہ تخت
زانکہ بغیبت چو شدی بر سریر — من نہ بُدم تا شدمے دستگیر
با پسر این نکتہ چو لختے براند — دست گرفت و بسریرش نشاند
خود بنعال آمد و بربست دست — ماند ازاں کار عجب ہر کہ ہست
داشت دریں زیر خیالے نہاں — آگہی داد بکار آگہاں
گرچہ پدر بر سرِ تختش کشید — نشست و فرود آمد و پیشش دوید
چون خلفاں شرطِ وفائی نمود — خواہشِ عذرے بسزائی نمود
دولتیاں ہر طرفے بستہ صف — کردہ طبقہائے جواہر بکف
لعل و زبرجد کہ در آویختند — بر دو سر افراز ہمی ریختند

رسم نثار و تصدّق کے بعد دربار ختم ہو گیا اور سلطان ناصر الدین جس کشتی

میں آیا تھا اُسی میں سوار ہو کر خوش وخرم اپنی فرودگاہ پر واپس آگیا:-

چوں پدر اقبالِ پسر تازہ کرد ق زاں شرف آفاق پر آوازہ کرد
گفت کہ امروز بس ست ایں قدر روزِ دگر جلوۂ ملکے دگر
زیں نمط از کام چو دمساز گشت فرقِ پسر بوسہ زد و باز گشت

مراسم اتحاد اور خانگی ملاقاتیں

یہ درباری ملاقات تو آئینِ شاہانہ کے بموجب اس بات کا اعلان تھا کہ سلطان ناصرالدین نے معزالدین کیقباد کی تخت نشینی باضابطہ تسلیم کرلی اور دونوں بادشاہ متحد ہوگئے۔

دوسرے روز تحف وہدایا کا مبادلہ اور خانگی ملاقاتیں شروع ہوئیں کیقباد نے نہایت بیش بہا گھوڑے بطور پیشکش بھیجے اور رات کے وقت باپ کی ضیافت بڑی دھوم سے کی۔

اِس ضیافت کا بیان خسرو نے خوب جی لگا کر کیا ہے اور بزمِ معزی کی ہر ایک چیز کے اوصاف میں فصاحت وبلاغت کے دریا بہائے ہیں۔

جب آب وطعام اور رقص وسرود سے فارغ ہو چکے تو سلطان ناصرالدین نے ایک ملازم خاص کو بھیجکر تاج وتخت اور ایک ہاتھی اپنی خیمہ گاہ سے طلب فرمایا اور تحفۂ فرزند دلبند کو عطا کیا:-

گفت بخاصاں زیکے شاہِ شرق تا رود از آب گذارا چو برق
آورد و پیش کشد از اختصاص تخت زر و تاجِ زر و پیلِ خاص

رفت تا بندہ باورنگ گاہ | کردرواں جملہ فرمانِ شاہ
الغرض آں پیل وہماں تاج وتخت | کاں زرسد جز بجند اوندِ بخت
دید شہنشہ چو مہیّا بہ پیش | روے کرم کرد بہ دلبندِ خویش
گفت کہ ایں افسر وایں پیل وگاہ | بہر ترا داشتہ بودم نگاہ
نیست مرا بہتر ازیں ہیچ چیز | تا دہم از دیدہ بچشمِ عزیز

یہ ہدیہ دیکر ناصرالدین نے بیٹے سے فرمایش کی کہ میری آرزو یہ ہے کہ میرے باپ کی دو یادگار چیزیں جو تجکو پہونچی ہیں ایک تو چترِ سپید ایک کلاہ سیاہ یہ پہلے اپنے سر پر رکھ پھر مجکو دے ڈال۔ دوسرے روز کیقباد نے اِس فرمایش کی تعمیل کی جو شخص یہ چیزیں لے کر آیا تھا ناصرالدین نے اُس کو انعام دیا:-

گفت بفرزند کہ درخوردِ شاہ | چترِ سپید آرو کلاہِ سیاہ
تاجورآں چتر وکلاہِ سیاہ | کرد بمیعاد رواں سوے شاہ
ہردو فرستاد بحکم شہی | بر شہِ شرق آں دو نشانِ مہی
شاہ شد از دیدنِ آں تخت شاد | بستد وبوسید وبسر بر نہاد
داد بآرندۂ آں ہردو چیز | خلعتِ خاص وزرِ بسیار نیز

ناصرالدین کی نصیحتیں فرزند دلبند کو

ایک شب پھر دونوں کی ملاقات ہوئی تو ناصرالدین نے فرزند دلبند کو ازراہ دل سوزی بہت سی نصیحتیں کیں جن کی نظم میں خسروِ شعرا نے کمال سخن گستری

کی داد دی ہے :-

چوں سخن رفت بسے داوری / دور در آمد بہ نصیحت گری
داد نخستش بدعاے پناہ / کایزدت از حادثہ دارد نگاہ!
ریخت پس آں گاہ بمہرِ تمام / داروے تلخش ز نصیحت بہ کام
کاے پسر! از ملک و جوانی مناز / نازبدوکن کہ شد او بے نیاز
خشم بہر جرم میاور بکس / ز آتشِ سوزندہ نگہدار خس
چوں بگنہ معترف آید کسے / عفو نکوتر ز سیاست بسے
در حقِ آں کش برخود داشتی / دیر خصومت شو و زود آشتی
ہر کہ زند در رہ اخلاص گام / کار بروکن بعنایت تمام
واں کہ برآرد بخلافت سرے / سر بزنش پیش کہ گیرد برے
خرد مبیں دشمنِ بدزہرہ را / آب دہ از زہرۂ او دہرہ را
دشمنِ خود خرد نباید شمرد / در تہہِ دنداں چہ کند سنگِ خرد؟
گرچہ جہاں جملہ ہوا خواہِ تست / ہم بکن آں خار کہ در راہِ تست
دشمن اگر دوست نماید بپوست / فرق کن از دشمنِ خود تا بدوست
جاے مدہ دشمنِ کیں توز را / گوش مکن گفتِ بدآموز را
خاص کن آں را کہ خرد ہست بیش / راہ مدہ بے خبراں را بخویش
گرچہ دلت ہست فراست شناس / گفتِ کساں نیز ہمی دار پاس

باشد اگر سوے مہمیت روے | رخصت تدبیر شناساں بجوے
گر شود ت خصم بتدبیر رام | تیغ نشاید کہ کشی از نیام
حق چو ترا جاے بزرگاں سپرد | خویشتنت خرد بباید شمرد
جد چو ترا داد کم و بیش خویش | بیش دکم از وے نہ کم و نہ بیش
بیش کن آنہا کہ زیزداں بود | کم کن از انہا کہ نہ فرماں بود
چشم رعایت ز رعیت مگیر | تا بود ت ملک عمارت پذیر
عدل بود مایۂ امن و اماں | بیش کن ایں مایہ زماں تا زماں
دادگری کن کہ ز تا شیر داد | بس درِ دولت کہ توانی کشاد
تا بزمانے کہ تو باداب سے | نشنود آوازِ تظلّم کسے
دولتِ دنیا کہ مسلّم تراست | جانبِ دیں کوش کہ آں ہم تراست
دولتِ جاوید نبردہ است کس | نامِ نکو دولتِ جاوید بس
پیشہ نکوئی کن و از بد بترس | از بدِ کس نے ـ ز بدِ خود بترس
نیت خیرت اگر امروز خاست | وعدہ بفردا مفگن ـ کاں خطاست
یافتی از کشتِ ازل خوشۂ | راست کن از بہرِ ابد توشۂ
ترسِ خداوندِ جہاں کن بدل | تا ز خداوند نمانی خجل
کار چناں کن کہ بہنگامِ کار | از درِ یزداں نشوی شرمسار
چوں بو غا جہد کنی در جہاد | باش گراں جنبش و دیر ایستاد

باز طلب صحبتِ مردانِ پاک — صحبتِ آلودہ رہا کن بخاک
ہوش بران نہ کہ شوے ہوشیار — تا کہ بغفلت نزدد روزگار
غفلتِ شاہ است زیانِ ہمہ — خوابِ شبانِ ست بلاے رمہ
شاہ بود از پئے پاسِ جہاں — خواب نشاید کہ کند پاسباں
چوں تو خوری بادہ کا فوربو — پس غمِ گیتی کہ خورد؟ خود بگو
پیشۂ تقویٰ است پسندیدہ فر — از ہمہ وز شاہ پسندیدہ تر
چوں ہمہ کس خدمتِ سلطاں کنند — ہر چہ ز سلطاں نگرند آں کنند
کوششِ پوشیدہ کن اندر شراب — تا نشود رکنِ شریعت خراب
شاہ بدیں گونہ بفرزندِ خویش — داد بسے زادِ نو۔ از پندِ خویش

ناصرالدین نے رو رو کر یہ نصیحتیں تمام کیں۔ آدھی رات ہو گئی تھی۔ قیام گاہ کو مراجعت فرمائی اور کہا کہ کل کوچ کا ارادہ ہے آخری وقت ملاقات کے لئے صبح پھر آؤں گا۔

وداعی ملاقات جدائی کی گھڑی آپہونچی۔ صبح دم دونوں لشکروں کا کوچ شروع ہو گیا۔ ڈیرے خیمے لدنے لگے ایک نے مشرق کی اور دوسرے نے مغرب کی راہ لی۔

ناصرالدین رخصتی ملاقات کے لئے دریا پار اُترا۔ یہاں کیقباد پہلے ہی سے باپ کے انتظار میں کمربستہ کھڑا تھا۔ دونوں ایک چبوترہ پر (جو اس ملاقات کے لئے مخصوص

کیا گیا تھا جا بیٹھے۔

تنہائی کا وقت تھا مصالح ملک داری کی نسبت کچھ رازکی باتیں ہوئیں۔ باپ نے بیٹے کو سمجھایا کہ فلاں شخص تیرے چمنِ دولت میں زہریلا کانٹا ہے اُس کو جلد نکال کر پھینک دے اور فلاں شخص کو اپنا مشیر بنا۔ بیٹے نے باپ کی یہ نصیحت دل و جان سے سنی اور گرہ باندھی پھر دونوں رخصتی معانقہ کے لئے کھڑے ہوگئے اور باپ نے رو رو کر اپنا دردِ دل سنایا (ان خیالات کی ترجمانی طوطی ہند نے اپنے اشعار میں نہایت سوز و گداز سے کی ہے) آخر کار معانقہ کیا اور آنسو بہاتا اپنی کشتی پر سوار ہو گیا اُدھر کشتی چلی اِدھر کیقباد چیخیں مار مار کر رونے لگا جب کشتی نظر سے اوجھل ہو گئی تو گھوڑے پر سوار ہو اپنے خیمہ گاہ کو روانہ ہوا خیمہ کے پردے چھڑوا دیے لوگوں کا آنا جانا بند کیا اور باپ کی یاد میں دن بھر پڑا روتا رہا۔

شب چو وداعِ مہ و سیارہ کرد — صبح دم از مہر قبا پارہ کرد
کوکبۂ شرق سوے شرق تافت — لشکرِ مغرب سوے مغرب شتافت
سرورِ مشرق بوداعِ پسر — گریہ کناں کرد ز دریا گذر
خاص شد از بہرِ وداعِ دو شاہ — چوترہ بایستہ آرام گاہ
خلوت ازیں گونہ کہ محرم نبود — ہیچ کس از خلوتیاں ہم نبود
آنچہ بُد از مصلحتِ ملک راز — یک بدگر ہر دو نمودند باز

کاں چمن از خار[لہ] تہی کردنی ست — واں گلِ رنگیں بکف آوردنی ست

درحقِ ایں شو بکرم رہنموں — واں دگرے را بزمیں ریز خوں

آں ہمہ گفتار پدر کیقباد — دل نتواں گفت کہ درجاں نہاد

از پس آں ہر دو بپا خاستند — عذرِ بد و نیک ہمی خواستند

خستہ پدر از دلِ پرخون وریش — دست درآورد بدلبندِ خویش

نالہ ہمی کرد کہ اے جانِ من — جاں نہ از آنِ دگرے زانِ من

چوں تو شدی، دل زکہ جوید ترا — دیں بکہ گویم؟ کہ بگوید ترا

بے خبرم بہرِ تو، شب تا بروز — گر خبرت نیست چنینم مسوز

سوختہ شد جانِ غمِ اندوختہ — تا چہ شود؟ حالِ منِ سوختہ

کاش نبودی، دو سہ روزی وصال — تا نشدے دیدہ اسیرِ خیال

اے ز تو در دیدۂ تاریک نور! — مردمی کن مشو از دیدہ دور

صبرِ مرا کہ صبوریم نیست — دور ز تو طاقتِ دوریم نیست

گرچہ ترا ہم کششے در دل ست — آنچہ کہ من می کشم آں مشکل ست

چند کنی از پئے رفتن شتاب — یک دمے از سوختگاں رو متاب

با تو اگر ہمرہیم مشکل ست — اشکِ منت ہمرہِ صد منزل ست

خامۂ من زیں پس و تحریر درد — اشکِ رواں یک بیابان نورد

لہ حضرت خسرو کے حسنِ اخلاق نے اُس شخص کا نام ظاہر کرنے کی اجازت نہیں دی۔ مگر مورخین نے بالاتفاق بیان کیا ہے کہ ناصرالدین کی یہ آخری نصیحت ملک نظام الدین داربک کی نسبت تھی جو غصبِ سلطنت کی فکر میں تھا۔ ۱۲

آه! کہ صبر از دل و تن می رود — خونِ من از دیدۂ من می رود
چون شغبِ نالہ ز غایت گذشت — گریہ و زاری ز نہایت گذشت
یک نفسے زاں نمط از ہوش رفت — کش سرِ فرزند ز آغوش رفت
واں خلفِ پاک ہم از دردِ دل — خاکِ رہ از گریہ ہمی کرد گل
بستہ دل و جاں بوفاے پدر — دیدہ ہمی سود بپاے پدر
اشک فشاناں بدلِ دردناک — مردمکِ دیدہ فتادہ بخاک
ہر دو بجاں شیفتۂ یک دگر — دوختہ بودند نظر با نظر
روے بہم کردہ چنیں تا بدیر — ہیچ نگشتند ز دیدار سیر
عاقبت الامر در آں اتفاق — چونکہ ندیدند گزیر از فراق
ہر دو رخِ خوں شدہ عناب رنگ — یک دگر آغوش گرفتند تنگ
رفت پدر پاے بکشتی نہاد — دیدہ رواں از مژہ طوفاں کشاد
گریہ کناں با دلِ بریانِ خویش — کشتیِ خود راند بطوفانِ خویش
او شدہ زیں سو پسرِ دردمند — آہ بر آورد بہ بانگِ بلند
گریہ ہمی کرد زمانے دراز — سوے پدر داشتہ چشمِ نیاز
راندہ ہمی از مژہ سیلابِ خوں — تا ز نظر کشتی شہ شد بروں
دید چو خالی محل از شاہِ خویش — رخش رواں کرد بہ بنگاہِ خویش
رفت بہ لشکر، درِ خرگاہ بست — و آمد و شد راز میاں راہ بست

جامہ بعضے یا دفغاں می درید　　　جامہ رہا کن تو کہ جاں می درید

کیقباد کی مراجعت دلّی کو

اودھ سے سلطان معزالدین کیقباد کے لشکر کا کوچ عین برسات کے موسم میں ہوا۔ آسمان پر گھٹا کا شامیانہ جنگل سبزہ زار دھان کے کھیت لہلہے باغوں میں آموں کی کثرت ندی نالے چڑھے ہوے۔ راہ رستے پانی کا تختہ بنے ہوے۔ گنگا کی گھاٹ تک یہی کیفیت تھی۔ کیچڑ پانی کی وجہ سے لشکر کے اونٹ گھوڑوں کی جان آفت میں تھی۔ منزل پر پہونچکر گھاس چارہ تو افراط سے ملتا۔ لیکن دانہ مشکل سے نصیب ہوتا تھا

گرد چو رہ در سرطان آفتاب　　　چشمۂ خورشید فرو شد بآب

ابر سرا پردہ ببالا کشید　　　سبزہ صف خویش بصحرا کشید

تندیِ سیلاب زبالاے کوہ　　　از شغب آورد زمیں را ستوہ

برق بہر سوے بتابے دگر　　　دشت بہر جوے بآبے دگر

شالی سرسبز ندانم زچیست　　　کآب گذشتش زسر آنگاہ زیست

غوطہ مرغابیِ رعنا بجوے　　　از سرِ طوفاں شدہ پایاب جوے[1]

آبِ رواں گشتہ بہر سایۂ　　　یافتہ از میوہ زمیں مایۂ

ابر دُر افشاں بسرِ دریا نوال　　　ابر بشِں خود راند بدار الجلال

آب فراخے ہمہ رہ تا بہ گنگ　　　آمدہ لشکر ہمہ از آب تنگ

---

[1] پایاب جوے۔ مرکب قافیہ ہے لفظ پایاب اور جوے بمعنی جوبندہ ۱۲

پائے ستوراں بزمیں در شدہ　　گاوِ زمیں را سُمِ شاں سر شدہ

بود بہر جا کہ نزولِ سپاہ　　تنگی جو بود و فراخی کاہ

سلطان کیقباد دلّی پہونچا

سلطانی لشکر منزل بمنزل کوچ کرتا ہوا دلی پہونچا تو کوکبۂ شاہی بڑی شان و شوکت سے شہر کے اندر داخل ہوا۔ ہاتھی گھوڑے سوار پیادے تیغ زن تیر انداز نیزہ بردار علم بردار جلو میں۔ رایت دولت کا پرچم اُڑتا ہوا سلطانِ جم جاہ گھوڑے پر سوار۔ سر پر چتر سیاہ کا سایہ گرداگرد برہنہ تلواریں قطار در قطار۔ اِس دہوم سے سواری درِ دولت پر پہونچی۔ رخشِ سلطانی کے قدموں پر بہت سا زر و جواہر نثار کیا گیا۔ نقارے پر چوب پڑی شادیانے بجنے لگے مطربوں نے مبارک باد کا راگ الاپا۔ رقاصوں نے ناچنا شروع کیا۔ حضور والا گھوڑے کی باگ روکے یہ تماشا دیکھتے ہوئے آہستہ آہستہ چل کر دولت خانے میں جا اُترے اُس وقت فرقِ مبارک پر رسمِ نثار ادا ہوئی زمین پر زر و گوہر کا فرش ہو گیا۔ بخیر و عافیت سفر سے واپس آنے کی خوشی میں کئی دن تک شاہانہ جشن کے انعام و اکرام اور خیرات و مبرّات میں خزانے لٹا تے رہے۔

رخش طلب کرد شہِ کامگار　　شد بگہِ چاشت بدولت سوار

از روشِ پیل گراں تا گراں　　سر بسرِ اندامِ زمیں شد گراں

صفِ سیاہ از عَلَمِ سرخ و زرد　　نسخۂ[1] دیباچۂ نوروز کرد

---

[1] نسخہ کردن = نقل کرنا ۱۲